# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## پیمرا کی جانب سے ٹی وی چینلز کو ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد کے حوالے سے جاری کردہ ہدایات کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف نے پیمرا کی جانب سے 9 مئی کے واقعات کی آڑ میں آزادیِ ابلاغ واظہار سلب کرنے کی کوششوں کو مسترد کردیا

پیمرا کی جانب سے میڈیا کو جاری کردہ نیا ہدایت نامہ محض جھوٹ اور خرافات کا مجموعہ اور بنیادی آئینی حقوق سے متصادم ہے، 9 مئی کو ایک بدنامِ زمانہ لندن پلان کے تحت ملک کی سب سے بڑی جماعت کے خلاف ایک مذموم اور گھٹیا سازش رچائی گئی جس کے ٹھوس شواہد موجود ہیں، کسی قابلِ بھروسہ تحقیق اور ۹ مئی کے واقعات کے اصل ذمہ داروں کے تعیّن کے بغیر تحریک انصاف کو کچلنے کی قابلِ مذمت کوششوں کا آغاز کیا گیا،

پیمرا ریاست کا ایک تنخواہ دار ملازم ادارہ ہے جس کی آئینی ذمہ داری آزادیِ اظہار کا نفاذ اور شہریوں کی بنیادی اور ضروری معلومات تک رسائی یقینی بنانا ہے،

پیمرا کی جانب سے جاری کردہ نیا ہدایت نامہ ادارے کا اپنے دائرہ اختیار سے تجاوز اور میڈیا کی زباں بندی کے ایک نئے منصوبے پر عمل درآمد کا آغاز ہے،

پیمرا نے گزشتہ دو سالوں کے دوران پی ڈی ایم حکومت کے ذاتی ملازم کی حیثیت سے میڈیا پر مخصوص بیانیے کی ترویج کرتے ہوئے بدترین سینسر شپ کا نشانہ بنایا،

پاکستان کی سب سے بڑی جماعت کے سربراہ اور سابق وزیراعظم کے نام، بیان،

تصویر اور تقریر کی میڈیا پر نشرواشاعت پر غیر آئینی، غیر قانونی اور بلا جواز پابندی عائد کی گئی، پیمرا کی سرپرستی اور سہولتکاری سے آزاد اور غیر جانبدارانہ صحافیوں کو محض اپنا مؤقف بیان کرنے پر ریاستی جبر وفسطائیت کا نشانہ بنایا گیا،

تمام تر اوچھے ہتھکنڈوں کے باجود تحریک انصاف کی دن بدن بڑھتی عوامی مقبولیت کے خوف نے منصوبہ سازوں کو ایک ہدایت نامے کی آڑ میں آزادی اظہار ورائے پر موجود پابندی کو مزید سخت کرنے پر مجبور کردیا ہے،

پیمرا کے ہدایت نامے کی صورت میں میڈیا پر نئے سرے سے سینسر شپ عائد کرنے کی کوششوں کو یکسر مسترد کرتے ہیں،